4.9۔ تمثیلی سوالات برائے امتحانات

I۔ مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب 1 یا 2 جملوں میں لکھیے۔

1۔ قدرتی وسائل سے کیا مراد ہے؟

2۔ رکازی ایندھن کو نا قابل تجدید وسیلہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟

3۔ کوئی تین قابل تجدید وسائل کے نام لکھیے۔

II۔ مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب 4 یا 5 جملوں میں لکھیے۔

1۔ سبز توانائی کے مختلف وسائل کی وضاحت کیجیے۔

2۔ قدرتی وسائل کی کیا اہمیت ہے؟

III۔ مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب 8 یا 10 جملوں میں لکھیے۔

1۔ قدرتی وسائل میں کمی کے کیا اسباب ہیں؟ اس کا کیا اثر پڑتا ہے؟

2۔ آپ قدرتی وسائل کا تحفظ کس طرح کرتے ہیں؟

IV۔ کثیر جوابی سوالات

1۔ اس توانائی کے ذریعہ کو ہر خاندان آسانی سے استعمال کرسکتا ہے۔ (   )

A) موجی توانائی B) ہوائی توانائی

C) شمسی توانائی D) ارضی حراری توانائی

2۔ غلط جملہ کی شناخت کیجیے۔ (   )

A) قدرتی وسائل کا تحفظ ہر شہری کا فرض ہے۔

B) ایسے وسائل جنھیں دوبارہ قابل استعمال بنانا مشکل ہے قابل تجدید وسائل کہلاتے ہیں۔

C) ایسے وسائل جنھیں دوبارہ قابل استعمال بنایا جاسکتا ہے قابل تجدید وسائل کہلاتے ہیں۔

D) جنگلات کا کٹاؤ قدرتی وسائل میں کمی کا ایک سبب ہے۔